ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کی ”خلافت وملوکیت“

مولانا مودودی رحمۃ اللہ علیہ کی اردو تالیف ”خلافت وملوکیت“ کا عربی ترجمہ بھی ”الخلافة والملك“ کے عنوان سے ہی پایا جاتا ہے اور بڑی دیر پہلے ہماری نظر سے گزر چکا ہے[1]۔ اتفاقاً عین اسی عنوان سے مجموع فتاویٰ شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کی ورق گردانی کرتے ہوئے ہمیں 93 صفحات پر مشتمل ایک پورا باب ملا: ”الخلافة والملك“ (مجموع الفتاوی ج35 ص5 تا 98)۔ اس کی چند ابتدائی فصول شدید اختصار کے باوجود ہماری آج کی بہت سی ضرورتیں پوری کرتی دکھائی دیں۔ اسی دوران ہمیں مجموع الفتاویٰ کا وہی باب ایک مستقل تصنیف کی صورت میں بھی مل گیا جو مکتبة المنار، اردن سے حماد سلامہ کی تحقیق اور ڈاکٹر محمد عویضہ کے مراجعہ کے ساتھ 1994 میں شائع ہوئی۔[2] اردو قارئین کے لیے اس کی ضرورت اور افادیت کو دیکھتے ہوئے ہم شیخ الاسلام ابن تیمیہ کی اِس تالیف کا اردو استفادہ پیش کر رہے ہیں۔ اس کے بعض مضامین کو کھولنے کے لیے کچھ مختصر وضاحتیں مترجم کی طرف سے حواشی کی صورت میں متن کے نیچے دی گئی ہیں جبکہ کچھ توضیحات طویل ہونے کے باعث علیحدہ تعلیقات کی صورت میں کتاب کے جزء دوم میں دی گئی ہیں۔ ایقاظ کے حالیہ شمارہ میں کیونکہ کتاب کی صرف فصل اول دی جا رہی ہے، لہٰذا اس فصل سے متعلقہ تعلیقات بھی شمارہ میں ساتھ ہی دی جا رہی ہیں۔

کتاب کی پہلی دو فصول آئین سے متعلق ہیں اور در حقیقت اِس میں ”الجماعۃ“ کے کچھ اہم ترین مضامین کی جانب اشارات ملتے ہیں (جن کو ”تعلیقات“ کی صورت اردو استفادہ کے دوران کھولا گیا ہے)۔ بعد کی فصول خلافت اور امارت سے متعلق ہیں۔ بیچ میں ملوکیت سے متعلق کچھ مضامین ہیں اور خلافتِ راشدین اور خلافتِ ملوک کے تعلق سے کچھ ایسے تاریخی پہلو بھی بیان ہوئے ہیں جو اِس پورے مضمون کو سمجھنے میں بے حد مددگار ہیں۔ نیز اسلام میں ملوکیت کا حکم بھی بیان کیا گیا ہے۔

فصول کے عناوین اور ذیلی سرخیاں ہماری دی ہوئی ہیں۔ احادیث کے حوالے اصل متن میں نہیں ہیں۔ ہم نے صحیحین کی احادیث کے حوالے دے دینے پر اکتفاء کیا ہے۔ دیگر احادیث کے حوالے کے ساتھ، البانی رحمۃ اللہ علیہ کی تصحیح ذکر کر دی اور اس کا حوالہ بھی دے دیا ہے۔

---

[1] سید مودودی کی ”الخلافة والملك“ عربی: http://www.waqfeya.com/book.php?bid=6053

[2] امام ابن تیمیہ کی ”الخلافة والملك“ کا لنک: http://www.waqfeya.com/book.php?bid=1034